نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیر صدارت ایم این ایس زرعی یونیورسٹی ملتان میں کپاس کی موجودہ صورتحال سے متعلق جائزہ اجلاس کا انعقاد

لاہور10 ستمبر 2023 (   ) سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا ہے کہ کپاس کی بحالی مہم کے دوران محکمہ زراعت کے افسران، ضلعی انتظامیہ و دیگر اسٹیک ہولڈرز نے بہت محنت کی ہے۔اس وقت کپاس کی فصل نازک مرحلہ سے گزر رہی ہے۔اس لئے تمام ڈویژنل ڈائریکٹرز کپاس کی سرویلنس ،نگرانی اور ضرررساں کیڑوں کے تدارک کے لئے ترجیحی بنیادوں پر اقدامات کریں تاکہ کپاس کے پیداواری ہدف کو یقینی بنایا جاسکے۔انھوں نے مزید کہا کہ کپاس کی صاف چنائی کے لئے کاشتکاروں کی فنی راہنمائی کی جائے تاکہ صاف اور خشک چنی ہوئی پھٹی سے کاشتکاروں کو کپاس کا بہتر معاوضہ مل سکے۔وہ آج ایم این ایس زرعی یونیورسٹی ملتان میں کپاس کی موجودہ صورتحال کی مانیٹرنگ کے لئے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے تھے۔اجلاس میں سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب ثاقب علی عطیل، وائس چانسلر ایم این ایس زرعی یونیورسٹی ملتان ڈاکٹر آصف علی، ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع ڈاکٹر اشتیاق حسن، ڈائریکٹر جنرل زراعت پیسٹ وارننگ رانا فقیر احمد، ڈائریکٹر زرعی اطلاعات پنجاب رائے مدثر عباس سمیت ڈائریکٹرز راعت توسیع ملتان، ڈی جی خان اور بہاولپور نے شرکت کی جبکہ ڈائریکٹر زراعت توسیع فیصل آباد، سرگودھا اور ساہیوال سمیت دیگر اسٹیک ہولڈرز نے ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی۔بریفنگ کے دوران سیکرٹری زراعت کو بتایا گیا کہ صوبہ بھر میں کپاس کی چنائی جاری ہے۔گرم موسم اور حبس بڑھنے کے باعث بعض علاقوں میں سفید مکھی کا حملہ مشاہدہ میں آیا ہے۔تاہم رپورٹ ملنے پر زراعت توسیع اور پیسٹ وارننگ کی ٹیمیں جدید کیمسٹری کی حامل زرعی زہروں کا سپرے کر رہی ہیں۔ سیکرٹری زراعت پنجاب نے ضرررساں کیڑوں وسنڈیوں کے تدارک کے لئے موسم کی صورتحال اور ہاٹ سپاٹ ائیریا کو مدِنظر رکھتے ہوئے ان علاقوں میں جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے فوری سپرے کروانے کی ہدایات کیں۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے تمام ڈویژنل ڈائریکٹرز کو کپاس کے پیداواری ریکارڈ کا ڈیٹا مرتب کرنے کی بھی ہدایات کیں تاکہ اس کی روشنی میں آئندہ فصل کے لئے ایک جامع حکمت عملی ترتیب دی جاسکے۔انھوں نے واضح کیا کہ کپاس کی فی ایکڑ زیادہ پیداوار کاشتکاروں کی خوشحالی اور ملکی معیشت میں استحکام کی ضامن ہے۔اس لئے تمام افسران وعملہ اپنی ڈیوٹی قومی فریضہ سمجھ کر سرانجام دے۔

☆☆☆☆